کل نمبر:25 | اُردو (ہشتم) ٹیسٹ نمبر1 | وقت:30منٹ

چوتھا مہینا، چوتھا ہفتہ، پانچواں دن	**سلیبس:** دُہرائی ٹیسٹ (چوتھا ہفتہ)

(حصہ اوّل)

سوال نمبر1: درج ذیل میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ **(13)**

1۔ حکیم سعید کہاں پیدا ہوئے؟

(الف)	دہلی میں	(ب)	بریلی میں	(ج)	لکھنؤ میں	(د)	کراچی میں

2۔ حکیم سعید کو اعزاز ملا:

(الف)	ستارۂ جرأت	(ب)	ستارۂ امتیاز	(ج)	نشانِ امتیاز	(د)	نشانِ حیدر

3۔ ہمدرد نونہال میں چھپنے والے اداریہ کا عنوان ہے:

(الف)	صحت وصفائی	(ب)	جاگو جگاؤ	(ج)	ہنسو ہنساؤ	(د)	گیت گاؤ

4۔ حکیم سعید کی زندگی ہمیں سکھاتی ہے:

(الف)	دوسروں کے کام آنا ہی زندگی کا مقصد ہے	(ب)	ناکامی سے گھبرانا نہیں چاہیے
(ج)	محنت کا صلہ ضرور ملتا ہے	(د)	تینوں دُرست

5۔ وہ اسم جو کسی آواز کو ظاہر کرنے کے لیے استعمال کیا جائے، کہلاتا ہے:

(الف)	اسم صوت	(ب)	اسم جنس	(ج)	اسم جمع	(د)	اسم صفت

6۔ ''ہمدرد اسلامکس'' رسالہ چھپتا ہے:

(الف)	اردو زبان میں	(ب)	انگریزی زبان میں	(ج)	عربی زبان میں	(د)	سندھی زبان میں

7۔ رسالہ ہمدرد نونہال جاری کیا:

(الف)	رابعہ بیگم نے	(ب)	حکیم عبدالحمید نے	(ج)	حکیم محمد سعید نے	(د)	حکیم عبدالمجید نے

8۔ دُرست اعراب لگا کر تلفّظ واضح کریں:

(الف)	اَصُول	(ب)	اِصُول	(ج)	اُصُول	(د)	اُصُوْل

9۔ بہن بھائیوں میں حکیم سعید کا نمبر تھا:

(الف)	پانچواں	(ب)	تیسرا	(ج)	چوتھا	(د)	دوسرا

10۔ ''ہمدرد میڈیکس'' رسالہ چھپتا ہے:

(الف)	اردو میں	(ب)	انگریزی میں	(ج)	فارسی میں	(د)	سندھی میں

☆ درج ذیل عبارت پڑھ کر سوال نمبر11، 12 اور 13 کے جواب دیں۔

حکیم محمد سعید اپنے تعلیمی وصحت عامہ کے منصوبوں کے علاوہ انسانی خدمت کے دیگر میدانوں میں بھی پیش پیش رہے اور ان کی ہمدرد فاؤنڈیشن آج تک اُن کے شروع کیے ہوئے سلسلوں کو جاری رکھے ہوئے ہے۔ زلزلہ یا سیلاب زدگان کی امداد ہو یا غربا کی کفالت ہمدرد فاؤنڈیشن فلاحی سرگرمیوں میں ہمیشہ سرگرم نظر آتی ہے۔

11۔ مندرجہ بالا عبارت کس سبق سے لی گئی ہے؟

(الف)	چُغل خور	(ب)	قدرتی آفات	(ج)	حکیم محمد سعید شہید	(د)	مناظرِ پاکستان

12۔ ہمدرد فاؤنڈیشن ہمیشہ سرگرم نظر آتی ہے:

(الف)	زلزلہ سے متاثرہ افراد کی مدد میں	(ب)	سیلاب زدگان کی مدد میں
(ج)	غربا کی کفالت میں	(د)	تینوں دُرست

13۔ حکیم سعید نے ۱۹۵۶ء میں ادارہ قائم کیا:

(الف)	ہمدرد فاؤنڈیشن	(ب)	طبیہ کالج	(ج)	ہمدرد فیکٹری	(د)	ہمدرد دواخانہ

حصہ دوم اور سوم میں سے ایک ایک سوال پوچھا جائے گا۔ تمام سوالات لازمی ہیں ہر سوال کے 6 نمبر ہوں گے۔ **(کل نمبر12)**

(حصہ دوم)

سوال نمبر1: ''صبح کی سیر'' کے عنوان پر مضمون لکھیں۔

سوال نمبر2: ''احسان کا بدلہ احسان'' کے عنوان پر کہانی لکھیں۔

(حصہ سوم)

سوال نمبر1: دوبارہ داخلہ کے لیے ہیڈ ماسٹر صاحب کے نام درخواست تحریر کریں۔

سوال نمبر2: رسید بابت وصولی مرمتی کمپیوٹر تحریر کریں۔

1